Ref:210203

ذمہ داران کے تقرّر/تبدیلی کا طریقِ کار

نگرانِ ذیلی حلقہ مشاورت	**نگرانِ حلقہ مشاورت**، نگرانِ علاقہ مشاورت کے مشورے سے فرمائیں گے اور نگرانِ علاقہ مشاورت کے ذریعے نگرانِ ڈویژن مشاورت کو اپڈیٹ کریں گے۔
نگرانِ حلقہ/گاؤں مشاورت	**نگرانِ علاقہ مشاورت**، نگرانِ ڈویژن مشاورت کے مشورے سے فرمائیں گے اور نگرانِ ڈویژن مشاورت نگرانِ کابینہ کو اپڈیٹ کریں گے۔
نگرانِ علاقہ مشاورت (شہر/اطراف)	**نگرانِ ڈویژن مشاورت**، نگرانِ کابینہ کے مشورے سے فرمائیں گے اور نگرانِ کابینہ نگرانِ زون کو اپڈیٹ کریں گے۔
نگرانِ ڈویژن مشاورت (شہر/اطراف)	نگرانِ کابینہ، نگرانِ زون کی مشاورت سے فرمائیں گے۔ نگرانِ زون کی **اجازت** ضروری ہے اور نگرانِ زون کے ذریعے نگرانِ ریجن کو اپڈیٹ فرمائیں گے۔
نگرانِ کابینہ (شہر/اطراف)	نگرانِ زون، **ریجن نگران** کے مشورے سے فرمائیں گے، نگرانِ کابینہ کی تقرری/تبدیلی کے لیے **نگرانِ پاکستان مشاورت** کی **اجازت** ضروری ہے۔
شعبہ جات کے ذمّہ داران کی تقرّری/تبدیلی کا طریقِ کار	
ذیلی/حلقہ ذمہ دار	**نگرانِ حلقہ مشاورت، متعلقہ شعبے کے** علاقہ ذمہ دار کے مشورے سے تقرر کریں۔
عَلاقہ ذمہ دار	**نگرانِ علاقہ مشاورت، متعلقہ شعبے کے** ڈویژن ذمہ دار کے مشورے سے تقرر کریں۔
توجہ فرمائیں: ذیلی حلقہ، حلقہ، علاقہ ذمہ دار کی **تبدیلی** کے لیے **شعبے کے کابینہ ذمہ دار سے مشاورت** ضروری ہے۔	
ڈویژن ذمہ دار	**نگرانِ ڈویژن مشاورت، متعلقہ شعبے کے** کابینہ ذمہ دار کے مشورے سے تقرر کریں۔
توجہ فرمائیں: ڈویژن ذمہ دار کی تبدیلی کے لیے **شعبے کے زون ذمہ دار سے مشاورت** ضروری ہے۔	
رُکنِ کابینہ	**نگرانِ کابینہ، متعلقہ شعبے کے** زون ذمہ دار کے مشورے سے تقرر کریں۔
توجہ فرمائیں: رکنِ کابینہ کی تبدیلی کے لیے **شعبے کے ریجن ذمہ دار سے مشاورت** ضروری ہے۔	
رُکنِ زون	**نگرانِ زون، متعلقہ شعبے کے** ریجن ذمہ دار کے مشورے سے تقرر کریں۔
ریجن ذمہ دار	**ریجن ذمہ دار کی تقرری/تبدیلی نگرانِ ریجن اور متعلقہ شعبے کے نگرانِ مجلس** (پاکستان) کی باہمی مشاورت سے ہوگی۔
پاکستان ذمہ دار	**پاکستان** سطح کے ذمہ دار کی تقرری یا تبدیلی شعبے کے متعلقہ رکنِ شوریٰ اور **نگرانِ پاکستان مشاورت** کی باہمی مشاورت سے ہوگی۔

اطراف ذمہ داران کے تقرر/تبدیلی کا طریقِ کار

❁ **اطراف** میں **ڈویژن سطح** پر ان 5 **شعبہ جات** کا تقرر رہنا طے ہے: (1) **اِصلاحِ اعمال** (2) **مدنی قافلہ** (3) **مدرسۃ المدینہ بالغان** (4) **مجلسِ عُشر** (5) **شعبہ کورسز**

❁ **اطراف** میں **کابینہ سطح** پر ان 8 **شعبہ جات** کا تقرر رہنا طے ہے: (1) **اِصلاحِ اعمال** (2) **مدنی قافلہ** (3) **کورسز** (4) **رمضان اعتکاف** (5) **مدرسۃ المدینہ بالغان** (6) **ائمہ مساجد** (7) **امامت کورس** (8) **شعبہ عُشر**

❁ **اطراف کابینہ** میں طے شدہ شعبہ جات کے علاوہ اگر کوئی شعبہ اطراف میں اپنے ذمہ دار کا تقرر کرنا چاہتا ہے تو اِنفرادی کوشش کے ذریعے ایسے اسلامی بھائیوں کا انتخاب کرے جن پر پہلے سے **کوئی اور تنظیمی ذِمہ داری نہ ہو** اور وہ اس شعبے میں مدنی کام کرنے کا **اہل** بھی ہو۔ (یادرہے! اس کے لیے **زون نگران** اور **ریجن نگران** کی اجازت ضروری ہے)

شعبہ اصلاحِ اعمال، شعبہ مدنی قافلہ

❖ **شعبہ اصلاحِ اعمال، شعبہ مدنی قافلہ** کے ریجن تا ڈویژن ذمہ داران اپنے شعبے کے **ذیلی اور حلقہ ذمہ داران** کا خود تقرر کر سکتے ہیں۔ **ریجن تا ڈویژن ذمہ داران** اپنے شعبے کے دیگر ذمہ داران مثلاً علاقہ ذمہ دار وغیرہ کا تقرر بھی کر سکتے ہیں، لیکن تقرری سے پہلے ان ذمہ داران کی لسٹ **متعلقہ ریجن آفس** میں دی جائے گی اور ریجن آفس نگران اس کو **متعلقہ نگران سے تصدیق** (Verification) کروائیں گے، **نگران سے Ok** ہونے کے بعد تقرری کی جائے گی۔

ایک سے زائد ذمہ داری

❖ حتی الامکان ایک اسلامی بھائی کے پاس **ایک ہی ذمہ داری** ہونی چاہئے، اگر ضرورتاً ایک سے زائد ذمہ داری دینی ہو تو پہلے دونوں شعبوں کے اس سے **بڑی سطح کے ذمہ دار سے مشاورت ضروری** ہے مثلاً شعبہ اِزدیادِ حُب کے کابینہ ذمہ دار کو شعبہ اصلاح اعمال کی کابینہ سطح کی بھی ذمہ داری دینی ہو تو **دونوں شعبوں کے زون ذمہ داران** سے مشاورت ضروری ہوگی۔

ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنے کا طریقِ کار

❁ **ذیلی تا ریجن** سطح پر ہونے والی تقرری/تبدیلی متعلقہ ریجن آفس کے ذریعے **"تقرری سافٹ ویئر"** میں ہاتھوں ہاتھ اپڈیٹ کروائی جائے۔ ❁ کسی **ڈویژن/علاقہ** کے ضم ہونے یا **نیا** بنانے کے لیے متعلقہ **زون نگران اور ریجن نگران** کی اجازت ضروری ہے۔ ❁ **کابینہ** (شہری/اطراف) کے ضم ہونے یا **نئی کابینہ** (شہری/اطراف) کے لیے، **ریجن نگران** اور **نگرانِ پاکستان مشاورت** کی اجازت ضروری ہے۔

پاک کابینہ آفس — تاریخِ اجراء: 23 جمادی الاخری 1442ھ / 6 فروری 2021ء

E-Mail:pakkabina@dawateislami.net Contact:0321-9992612